17.04.2025

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.................................................................................

☆ مرکز نے سپریم کو یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ اگلی سماعت تک وقف بورڈوں میں نہ تو کوئی تقرری اور نہ ہی موجودہ وقف املاک کی صورتحال میں کوئی تبدیلی کرے گا۔

☆ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے صدر جمہوریہ کے ذریعے بلوں کے بارے میں فیصلہ کرنے کیلئے وقت مقرر کرنے سے متعلق عدالت عظمی کے فیصلے پر سوال کیا ہے۔

☆ بھارت نے پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزمان کے خلاف کارروائی کرے۔

☆ ای ڈی نے آراضی کے سمجھوتے کے مبینہ معاملے میں، رابرٹ واڈرا کا بیان ریکارڈ کیاہے۔ BJP نے نیشنل ہیرالڈ معاملے پر کانگریس کی سرزنش کی ہے۔ اس نے اِسے بدعنوانی اور دھوکہ دھڑی کا معاملہ قرار دیا ہے۔

☆ اور کوالالمپور میں، Anahat Singh، ویر چوٹرانی اور Tanvi Khanna عالمی اسکواش چمپئن شپس، ایشیا کوالیفائر کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

.................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### EVE SC Waqf

آج سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت کی اس یقین دہانی کو ریکارڈ کیا کہ وہ وقف (ترمیمی) قانون 2025 کے تحت آئندہ سماعت تک وقف بورڈوں یا مرکزی وقف کونسل میں کوئی تازہ تقرری نہیں کرے گی۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی قیادت میں تین ججوں کی بینچ نے یہ بات بھی واضح کی کہ ''Waqf by user'' کے طور پر فہرست میں شامل سمیت موجودہ وقف املاک کی صورتحال فی الحال جوں کی توں رہے گی۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے پر تشویش کا اظہار کیا ہے، جس میں صدر کے لیے بلوں پر فیصلہ لینے کیلئے وقت مقرر کیا گیا ہے۔ آج نئی دہلی میں نائب صدر انکلیو میں راجیہ سبھا کے تربیت یافتہ افراد کے 6ویں بیچ سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ کسی کو بھی اختیارات کا استعمال کرتے

ہوئے انتہائی محتاط رہنا چاہیے۔

S/B: Vice President

نائب صدر کا یہ بیان سپریم کورٹ کے اس فیصلے کے چند دن بعد آیا ہے جس میں صدر اور گورنروں کے لیے بلوں کو منظوری دینے کی آخری تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ اختیارات کی علیحدگی کے اصول پر زور دیتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے اِس بات پر زور دیا کہ جب عوام نے حکومت کو منتخب کیا ہے تو یہ پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ ہے اور وہاں کوئی بھی کوئی سوال کرسکتا ہے۔x

## VC SC Waqf

عدالت عالیہ نے مرکز کو وقف ترمیمی بل کے خلاف دائر درخواستوں پر جواب داخل کرنے کیلئے 7دن کا وقت دیا ہے۔ اب اِس معاملے کی سماعت 5مئی کو ہوگی۔ سماعت کیلئے مجموعی طور پر اُن 10درخواستوں کا انتخاب کیا گیا ہے، جس میں وقف قانون کے آئینی حیثیت کو چیلنج کیا گیا ہے۔ x

## MEA Briefing

بھارت نے تہور حسین رانا کی سپردگی کے بعد، پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ 2008کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزمان کے خلاف کارروائی کرے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ رانا کی سپردگی، پاکستان کو یہ یاددہانی کراتی ہے کہ اُسے ممبئی حملوں کے اُن دیگر ملزموں کو بھی انصاف کے سامنے کھڑا کرنے کی ضرورت ہے جنھیں وہ پناہ دیئے ہوئے ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان بہت زیادہ کوشش کرسکتا ہے، البتہ عالمی دہشت گردی کے مرکز کے طور پر اس کی ساکھ پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

S/B 2100 Randhir Jaiswal on Pakistan

وزارت خارجہ کے ترجمان نے یہ بھی کہا کہ بھارت، مفرور کاروباری Mehul Choksi کی سپردگی کیلئے بلجیم کے ساتھ قریبی طور پر کام کر رہا ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ Mehul Choksi کو، بھارت کی سپردگی کی درخواست کے بعد بلجیم میں گرفتار کیا گیا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ کیلاش مانسرور یاترا کے جلد ہی بحال ہونے کی توقع ہے۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ وزارت کیلاش مانسرور یاترا سے متعلق عوام کیلئے جلد ہی ایک نوٹس جاری کرے گی۔ بھارت اور چین کے درمیان براہِ راست فضائی خدمات کی بحالی کے معاملے پر جناب جیسوال نے کہا کہ اصولی طور پر، دونوں ممالک پروازوں کی خدمات بحال کرنے سے اتفاق کرچکے ہیں۔

S/B 2100 Randhir Jaiswal

## Puri National Herald Case

BJP نے آج کہا ہے کہ نیشنل ہیرالڈ کیس، بدعنوانی اور دھوکہ دہی کا ایک کیس ہے، جس میں ED نے

کانگریس کے سینئر رہنما سونیا گاندھی اور راہل گاندھی پر فرد جرم عائد کیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے ایجنسی کی کارروائی پر مظاہرہ کرنے کیلئے کانگریس کی نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ ED کی حالیہ تفتیش، کوئی نیا معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ BJP کے اقتدار میں آنے سے بہت پہلے 2012-13 میں سامنے آیا تھا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس کیس میں تقریباً 2ہزار کروڑ روپے کا املاک، صرف 50لاکھ روپے میں حاصل کیا گیا۔ جناب پوری نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی، کیس کو بھٹکانے اور اِس میں تاخیر کرنے کیلئے اپنے وکیلوں کا استعمال کر رہی ہے۔

S/B: Hardeep Singh Puri on Herald Case

## ED Robert Vadra

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے آج، رابرٹ واڈرا سے ہریانہ میں ایک زمین کے سمجھوتے سے وابستہ، مبینہ طور پر کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں لگاتار تیسرے دن پوچھ تاچھ کی اور ان کے بیان کو ریکارڈ کیا۔دلّی میں واقع ED کے دفتر میں ان سے پوچھ تاچھ کی گی۔ یہ معاملہ جناب واڈرا کی کمپنی کے ذریعے گروگرام میں زمین خریدنے سے وابستہ ہے۔x

## PM Yamuna Rever Meeting

وزیر اعظم نریندر مودی نے دریائے یمنا کی موجودہ صورتحال کا تجزیہ کرنے کیلئے ایک جامع جائزہ میٹنگ کی صدارت کی، جس میں دریائے یمنا کی صاف صفائی اور اس کے احیاء کیلئے جاری مستقبل کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں دریا کی صاف صفائی کے ایجنسی وار ایکشن پلان کا بھی جائزہ لیا گا۔ جناب مودی نے مشورہ دیا کہ نالیوں میں بہاؤ کی پیمائش کرنے کے ساتھ ساتھ سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کے کام کی نگرانی کرنے کیلئے بہت چھوٹی سطح پر ریل ٹائم اعداد وشمار جمع کرنے کیلئے بہترین دستیاب ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جانا چاہیئے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل، دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا اور حکومت کے سینئر افسران نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔میٹنگ کے دوران، یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ دہلی میں ایک Urban River Management Plan تیار کیا جائے تا کہ پانی کا مجموعی انداز میں بندوبست کیا جاسکے اور اسے شہر کے ماسٹر پلان کے ساتھ مربوط کیا جائے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ چھٹ پوجا کے تہوار کے دوران، دلّی کے لوگوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات میں بہتری لانے کی ضرورت ہے۔x

## PM Bohra

داؤدی بوہرا برادری کے ایک وفد نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بوہرا کمیونٹی کے وفد سے ملاقات خوسگوار رہی اور ان کے ساتھ بات چیت کے دوران کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

**Jaipur Shah Brahma Kumari**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ملک مسلح افواج کی قربانیوں اور ان کے جذبے کی وجہ سے محفوظ ہے۔ جناب شاہ، آج Sirohi ضلعے کے Abu Road میں واقع برہما کماری ہیڈکوارٹرس میں سیکیورٹی فورسز سے متعلق ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز، برفیلی وادیوں اور صحراؤں میں ملک کی سرحدوں کی حفاظت کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوج اور نیم فوجی دستوں کے علاوہ تمام ریاستوں کی پولیس، داخلی سیکیورٹی کو بحال رکھنے میں نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔

S/B: Amit Shah

**Ashwini Smartphones**

بھارت سے پچھلے مالی سال کے دوران اسمارٹ فون کی برآمد ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی اور دو لاکھ کروڑ روپے مالیت کے فون برآمد کئے گئے۔ گذشتہ مالی سال کے ابتدائی 10 مہینوں کے دوران بھارت سے اسمارٹ فون کی برآمد سب سے زیادہ رہی۔ یہ بات الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتائی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ 2013-14 کے دوران اسمارٹ فون برآمد کرنے کے اعتبار سے بھارت 167 ویں نمبر پر تھا۔ اب وہ نمبر ایک پر آ گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت نے 2020 میں اسمارٹ فون کیلئے پیداوار سے منسلک ترغیبی اسکیم کا آغاز کیا تھا جو کہ اِس شعبے کیلئے ایک اہم پیشرفت تھی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس شعبے میں خاص طور پر خواتین کیلئے لاکھوں نئے روزگار وضع ہوئے ہیں۔x

**Rajnath-Defence**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت نے اندرونِ ملک کمپنیوں سے خریداری کیلئے دفاعی بجٹ کا 75 فیصد ریزرو کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں دفاعی کانکلیو میں خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے واضح کیا کہ ملک میں دفاعی پیداوار سن 2014 میں 40 ہزار کروڑ روپئے سے بڑھ کر آج ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت نے 2029 تک تین لاکھ کروڑ روپئے مالیت کے دفاعی آلات کی تیاری کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

S/B Rajnath Singh

دفاعی برآمدات سے متعلق وزیر موصوف نے واضح کیا کہ اِس ضمن میں اعداد وشمار، 2013-14 میں 686 کروڑ روپئے سے بڑھ کر 2024-25 میں 23 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کے ہوگئے ہیں۔x

**Jal Shakti River**

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے تازہ پانی کے حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کو بہتر کرنے کیلئے آج نئی دلّی میں ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا آغاز کیا ہے۔ وزیر موصوف، صاف گنگا کے قومی مشن کے تحت وائلڈ لائف کے

بھارتی ادارے، WII کے مختلف پروجیکٹوں کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ یہ پلیٹ فارم ایک جامع ڈیجیٹل مرکز کے طور پر کام کرے گا۔اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے آبی پودے اور جانوروں کے حیاتیاتی تنوع کو بحال کرنے، ندیوں کی حالت کو بہتر کرنے، مقامی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے اور تحفظ کیلئے برادریوں کو جوڑنے میں صاف گنگا کے قومی مشن اور WII کے ذریعے کیے گئے کاموں کی ستائش کی۔ x

## Bihar Grand Allance

آر جے ڈی – کانگریس کے زیر قیادت گرانڈ الائنس نے، بہار اسمبلی انتخابات سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کرنے اور انھیں حتمی شکل دینے کیلئے ایک تال میل کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ تمام شریک چھ پارٹیوں کی ایک بڑی میٹنگ میں کیا گیا ہے جو پٹنہ میں RJD کے آفس میں تین گھنٹے تک جاری رہی۔

پیش ہے ایک رپورٹ........

VC Dharmendra Kr Rai

تال میل کمیٹی کے سربراہ کے طور پر تقرری کے بعد، گرانڈ الائنس کی پارٹیوں نے عندیہ دیا ہے کہ آخر کار تیجسوی پرساد یادو ہی بہار اسمبلی انتخابات میں الائنس کی قیادت کریں گے۔ جناب یادو کی قیادت میں اس تال میل کی کمیٹی میں ہر پارٹی سے دو اراکین کی نمائندگی کی جائے گی۔ کمیٹی، سابق مرکزی وزیر پشوپتی کمار پارس کی پارٹی RLJP کو گرانڈ الائنس میں ساتویں شریک کے طور پر شامل کرنے کا فیصلہ کرے گی۔ میٹنگ کے بعد تیجسوی پرساد یادو نے کہا کہ بے روزگاری اور نقل مکانی جیسے بہت سے ایسے معاملات ہیں جو الائنس کے اصل ایجنڈے میں شامل ہوں گے۔بہار کے اسمبلی انتخابات کے اس سال اکتوبر–نومبر میں منعقد ہونے کا امکان ہے۔ یہ بہار اسمبلی انتخابات کے تناظر میں گرانڈ الائنس کی پہلی میٹنگ تھی۔x

## AIIMS Ranking

آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، AIIMS نئی دلّی نے Newsweek اور Statista کی طرف سے جاری دنیا کے بہترین اسپتالوں کی 2024 کی درجہ بندی میں عالمی پیمانے پر 97واں مقام حاصل کیا ہے۔ بہتر معیار کا حفظانِ صحت فراہم کرنے، طبی تحقیق میں پیش قدمی کرنے اور لاکھوں لوگوں کو سستا علاج فراہم کرنے میں اِس سے ایمس کی نمایاں کارکردگی کا اظہار ہوتا ہے۔ ایمس نئی دلّی کے علاوہ چنڈی گڑھ کے پوسٹ گریجویٹ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، PGIMER نے 228واں مقام حاصل کیا ہے۔ 1962میں اپنے قیام کے بعد سے PGIMER شمالی بھارت میں حفظانِ صحت اور ٹریننگ کے ایک اہم مرکز کے طور پر خدمت انجام دے رہا ہے۔ x

## CCPA Coaching Centre

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی CCPA نے پچھلے تین برسوں میں گمراہ کن دعووں اور نامناسب تجارتی

طریقۂ کار کیلئے IIT-JEE اور NEET سے متعلق کوچنگ مراکز کو 49نوٹس جاری کی ہے۔ اتھارٹی نے اِس مدت کے دوران 24 کوچنگ مراکز پر 75لاکھ روپے سے زیادہ کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ CCPA نے کوچنگ مراکز سے کہا ہے کہ وہ صارفین کے تحفظ کے قانون اور کوچنگ شعبے میں گمراہ کن اشتہارات کی روک تھام سے متعلق ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔ x

## Pak Hailstorm Death

پاکستان کے کچھ حصوں میں زبردست ژالہ باری کا طوفان آیا ہے جس میں اسلام آباد، پنجاب اور خیبرپختون خواہ میں کم از کم پانچ افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ گولف کی گیند کے سائز کی اِس برفباری سے گاڑیوں اور عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے جس میں اسلام آباد کی فیصل مسجد بھی شامل ہے۔ خیبرپختوان خواہ میں شدید سیلاب سے ٹریفک میں خلل پڑا اور بہت سے افراد جاں بحق ہوئے جن میں بجلی گرنے سے ایک سپاہی بھی شامل ہے۔ پنجاب میں دیوار کے گرنے اور بجلی گرنے سے تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ متاثرہ خطوں میں فصلوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ ماہرین موسمیات نے کہا ہے کہ یہ طوفان پنجاب سے آنے والی گرم ہوا اور مشرقی ایران سے آنے والی ٹھنڈی ہوا کے ٹکراؤ کے باعث آیا ہے جومتضاد درجہ حرارت کے شدید ٹکراؤ کا نتیجہ ہے۔

## ECB Rate Out

یوروپ کے سینٹرل بینک ECB نے، کم ہوتی ہوئی شرح نمو اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے محصولات کے مدنظر، آج شرح سود میں 25بیسس پوائنٹس کی کٹوتی کرکے اِسے دو اعشاریہ دو پانچ فیصد کردیا ہے۔ شرح سود میں کٹوتی کی وجہ کی تفصیل بتاتے ہوئے فرینک فرٹ میں قائم بینک کی گورننگ کونسل نے کہا کہ بڑھتی ہوئی تجارتی کشیدگی کی وجہ سے شرح نمو کا منظرنامہ بگڑ گیا ہے۔ ECB نے کہا کہ بڑھتی ہوئی غیریقینی کی صورتحال، گھرانوں اور فرموں کے مابین اعتماد میں کمی لاسکتی ہے اور تجارت سے متعلق کشیدگی کے جواب میں منفی اور غیریقینی مارکیٹ کا ردعمل ہوسکتا ہے، جس کی وجہ سے مالیہ فراہم کرنے کی صورتحال کافی متاثر ہوسکتی ہے۔ اس نے مزید کہا کہ یہ عناصر یوروپی علاقے کیلئے اقتصادی منظرنامے پر مزید اثر ڈال سکتے ہیں۔x

## Squash World Qualifying

اسکواش میں بھارت نے آج ملیشیا کے کوالالمپور میں 2025عالمی اسکواش چمپئن شپ ایشیا کوالیفائر میں مضبوط شروعات کی ہے جہاں Anahat سنگھ، ویر Chotrani اور تنوی کھنّہ، کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ Anahat اور ویر نے اپنے اپنے افتتاحی میچوں میں شاندار جیت درج کی، جبکہ تنوی نے ہانگ کانگ کی دفاعی نمبر ایک کھلاڑی N. Ching Cheng کو ہراکر حیران کن کارنامہ انجام دیا۔ دنیا کی 134ویں نمبر کی کھلاڑی تنوی نے، Cheng کو تین—ایک سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ بنائی۔ جمعے کو اُن کا مقابلہ، ہانگ کانگ کی Helen Tang سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆